سوال

کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کچھ بیویاں نکاح سے پہلے کافرہ تھیں؟

جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ ﷺ کی تمام بیویاں مسلمان اور مومن تھیں، اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے نبی ﷺ کے لیے منتخب فرمایا تھا اور انہیں مومنوں کی مائیں بنایا۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

النَّبِيُّ أَوْلَىٰ بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنفُسِهِمْ وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ (الأحزاب: 6)

یہ نبی مومنوں پر ان کی جانوں سے زیادہ حق رکھنے والا ہے اور اس کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔

سیدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا بھی مسلمان ہو گئی تھیں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے شادی کی تھی۔ (دیکھیں: الاصابہ از ابن حجر، جلد 8، صفحہ 211)

خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نبی ﷺ کا نکاح بعثت سے پہلے ہوا تھا، جب آپ کو نبوت ملی تو وہ سب سے پہلے ایمان لانے والوں میں سے تھیں۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی